حیسکو پریس ریلیز 20.08.2026

چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو کی اجازت سے محکماء جاتی تبادلہ کئے گئے

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق، چیف ایگزیکٹیو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی اجازت سے محکماء جاتی تبادلہ کیے گئے، جن کی تفصیل کے مطابق ایکسین عزیز احمد بھٹو کو چیف انجنیئر (آپریشن) حیسکو حیدرآباد کے ساتھ منسلک کر دیا گیا، نوید اختر چاچڑ ایس ڈی او کو ایکٹنگ ڈپٹی کمرشل منیجر آپریشن سرکل حیسکو نواب شاہ تعینات کر دیا گیا، سعد بن عبید ریونیو آفیسر کو بدین تعینات کر دیا گیا، طفیل احمد کمرشل سپرنٹینڈنٹ کو ایکٹنگ ریونیو حیسکو مٹیاری تعینات کر دیا گیا، غلام علی جمالی ایس ڈی او کو ایس ای آپریشن سرکل لاڑ کے ساتھ منسلک کر دیا گیا، طارق ڈیپرایل ایس (ون) کو ایکٹنگ ایس ڈی او آپریشن سب ڈویزن سندھڑی تعینات کر دیا گیا، مشکور علی میمن ایس ڈی او کو ایس ڈی او آپریشن سب ڈویزن بھٹ شاہ تعینات کر دیا گیا، ممتاز علی میمن ایس ڈی او کو ایس ڈی او آپریشن سب ڈویزن پھلیلی تعینات کر دیا گیا، محمد جمن جمانی ایل ایس (ون) کو ایکٹنگ ایس ڈی او کنسٹرکشن سب ڈویزن کوٹری تعینات کر دیا گیا، یہ تمام تبادلے و تعیناتیاں محکمانہ امور کو مزید مئوثر اور بہتر انداز میں چلانے کے لیے عمل میں لائی گئی ہیں۔ حیسکو ترجمان۔